© rasailojaraid.com

# عالم اسلام

محمود احمد غازی

**تھائی لینڈ :**

مصر کی مجلس اعلی برائے اسلامی امور کے سیکریٹری جنرل جناب محمد توفیق عویضہ نے تھائی لینڈ کا دورہ کیا اور وہاں کے وزیر خارجہ اور دوسرے اعلی حکام سے تھائی لینڈ کی مسلم اقلیت کو درپیش مسائل پر گفتگو کی۔ اس موقعہ پر مصری مسلمانوں اور تھائی لینڈ کی مسلم اقلیت کے مابین برادرانہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید استوار کرنے پر بھی غور و فکر کیا گیا۔ جناب توفیق عویضہ نے جنوبی تھائی‌لینڈ کے مسلم اکثریتی علاقوں میں تعلیمی سہولتیں وسیع کرنے پر بھی زور دیا اور وہاں کے مسلمان زعماء سے بھی ملاقات کی۔ یاد رہے کہ تھائی لینڈ کا جنوبی صوبہ پتانی مسلم اکثریت کا صوبہ ہے۔ وہاں کے مسلمانوں کو بہت سے معاشرتی، دینی، ثقافتی اور سیاسی مسائل درپیش ہیں جن کے مناسب اور منصفانہ حل کے لئے وہ مدت سے کوشاں ہیں۔ امید ہے کہ جناب توفیق عویضہ کے اس دورہ سے ان مسائل کے حل میں بہت کچھ مدد ملے گی۔

**کینیڈا :**

اوٹاوا میں ایک بڑی اسلامی درسگاہ کے قیام اور ایک جامع مسجد کی تعمیر کے منصوبہ پر کام ہو رہا ہے۔ اس منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے سعودی عرب کے شاہ فیصل بن عبدالعزیز نے تین لاکھ پینسٹھ ہزار (۳۶۵۰۰۰) ریال کی گراں قدر رقم بطور عطیہ دی ہے۔

**ریاستہائے متحدہ امریکا:**

نیویارک شہر اور اس کے قریب و جوار میں چند پرجوش افریقی النسل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امریکی مسلمانوں نے تنظیم برادران اسلام کے نام سے ایک اسلامی تنظیم قائم کی ہے۔ یہ حضرات اپنی اس تحریک کو تحریک دارالاسلام بھی کہتے ہیں۔ انھوں نے یاسین مسجد کے نام سے نیویارک شہر میں ایک بڑی مسجد بھی تعمیر کی ہے۔ اس تحریک نے الجهاد الاکبر کے نام سے اپنا ایک رسالہ بھی جاری کیا ہے جس میں اسلام کے انقلابی پیغام کو امریکی باشندوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ ہم مغربی تہذیب کے اس مرکز میں ایک اسلامی تحریک کے قیام کا دلی خیر مقدم کرتے ہیں اور اس کی کامیابی کے لئے دعا گو ہیں۔

**چاڈ:**

براعظم افریقہ کی سب سے بڑی مسجد چاڈ کے دارالحکومت فورٹ لامی میں تعمیر کی جا رہی ہے۔ سعودی عرب کے شاہ فیصل نے مسجد کی تعمیر کے جملہ اخراجات برداشت کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ مسجد کے ساتھ ایک بڑا اسلامی کتب خانہ، ایک کانفرنس ہال اور دو اسکول بھی ہوں گے۔ توقع ہے کہ یہ مرکز براعظم کے اندرونی علاقوں میں تبلیغ اسلام کا ایک بہت بڑا اور اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔

**سعودی عرب:**

جلالۃ الملک شاہ فیصل نے دنیا بھر کے مسلمانوں کے نام ایک اپیل جاری کی ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ اس وقت مسلمانوں کو جن پیچیدہ مسائل اور معاشی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مسلمان روز بروز اپنے دین سے ہٹتے جا رہے ہیں۔ ان مشکل حالات سے عہدہ برآ ہونے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ ہم اللہ رب العزت کے حضور اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور اس سے دعا کریں کہ وہ ہم کو اس سخت آزمائش سے محفوظ رکھے۔ جلالۃ الملک نے اپنی اپیل میں قرآن مجید کی بہت سی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ کے حضور توبہ اور استغفار بہت سی بلاؤں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور مصائب کو دور کر دیتا ہے۔ اس لئے ہر مسلمان کو چاہئے کہ وہ اپنا محاسبہ کرکے اپنی تمام سابقہ خطاؤں سے معافی مانگے اور آئندہ کے لئے اس بات کا عزم کرے کہ وہ اپنے رب کی نافرمانی کا مرتکب نہ ہوگا۔

**فیجی:**

جزائر فیجی کے مسلمانوں کو مصر کی مجلس اعلی برائے اسلامی امور نے انگریزی زبان میں اسلام کے مختلف پہلوؤں پر دو ہزار کتابوں کا ایک سیٹ ہدیہ کے طور پر دیا ہے۔ مجلس اعلی نے فیجی کے مسلمان طلبہ کو مصر کی مختلف جامعات میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے تین وظائف بھی دیے ہیں اور اپنے خرچ پر تین مصری اساتذہ کو بھی فیجی بھیجنے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ اساتذہ وہاں جاکر لوگوں کو اسلامیات اور عربی زبان کی تعلیم دیں گے۔ یاد رہے کہ جزائر فیجی میں کل پچاس ہزار مسلمان آباد ہیں۔

**گابون:**

گابون میں رابطہ عالم اسلامی کی طرف سے قائم کئے جانے والے دفتر اور اسلامی مرکز کو گابون کے صدر عمر بانگو نے غیر ملکی سفارت خانوں کے برابر مراعات دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ صدر عمر بانگو نے (جنھوں نے گذشتہ سال اسلام قبول کیا تھا) کہا ہے کہ رابطہ عالم اسلامی دنیا بھر کے مسلمانوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کا کام کر رہا ہے، اس کام میں دنیا کی تمام اسلامی حکومتوں کو رابطہ سے تعاون کرنا چاہئے اور اس کے دفاتر کو وہی سہولتیں اور مراعات دینی چاہئیں جو غیر ملکی سفارتی دفاتر کو دی جاتی ہیں۔

**اٹلی:**

روم میں ایک بڑی جامع مسجد اور ایک عظیم اسلامی مرکز کے قیام کے لئے سعودی عرب کے ملک فیصل نے دو کروڑ چالیس لاکھ ریال کی خطیر رقم کا عطیہ دیا ہے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں قائم کئے جانے والے اسلامی مراکز و مدارس کے لئے اور بھی بہت سی رقوم ملک فیصل نے دی ہیں۔

© rasailojaraid.com